SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**Press Release**
**February 22, 2017**
***For immediate release***

**ایس ای سی پی اور سٹیٹ بینک کا مالیاتی شعبے میں دھوکا بازی ختم کرنے کا عزم**

اسلام آباد(۲۲فروری)سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان اور سٹیٹ بینک کی کوآرڈینیشن کمیٹی کا چھبیسواں اجلاس بروز بدھ ایس ای سی پی کے صدر دفتر میں منعقد ہوا۔بینک کے اعلیٰ سطحی وفد کی قیادت بینک کے گورنر جناب اشرف وتھرا نے جبکہ کمیشن کی نمائندگی چیئر مین ایس ای سی پی ظفر حجازی نے کی۔

کوآرڈینیشن کمیٹی نے ملک میں مالیاتی شعبے میں ہونے والی دھوکہ بازیوں اور غیر قانونی طور پر سرمایہ ادھار دینے کی سرگرمیوں پر تشویش کا اظہار کیا۔ان غیر قانونی اور مذموم سرگرمیوں کے قلع قمع کے لئے مشترکہ حکمت عملی اپنانے اور ان مذموم سرگرمیوں میں ملوث افراد کو پکڑنے کے لئے لاءانفورسمنٹ ایجنسیوں سے مدد حاصل کرنے اور پابندیاں عائد کرکے باقاعدہ فنانشل سیکٹر کی سہولتوں تک ایسے افراد کی رسائی ختم کرنے اور دیگر تجاویز پر بھی غور کیا گیا۔

چیئر مین ایس ای سی پی نے زور دیا کہ فنانشل مارکیٹوں کے استحکام اور مالیاتی شعبے کے قوائد وضوابط کے بہتر نفاذ کے لئے مالیاتی سیکٹر کے ریگولیٹری اداروں کے مابین بہتر رابطہ اور تعاون اشد ضروری ہے۔گورنر سٹیٹ بینک نے کہا کہ دونوں اداروں کے مابین باہمی تعاون اور مشاورت،اداروں کے ریگولیٹری مقاصد کو حاصل کرنے میں بہت معاون ثابت ہو رہی ہے۔دونوں اداروں کے مابین مالیاتی استحکام کے حصول اور مختلف نظامی خطرات سے نمٹنے کے لئے طریق کار پر اتفاق پایا جاتا ہے۔

اجلاس میں ملک کی بانڈ مارکیٹ کو ترقی دینے،کاروبار کرنے کو آسان بنانے،مالی قوانین کے سخت نفاذ اور مالیاتی شعبے میں بدعنوانی کرنے والوں کے خلاف مشترکہ کارروائی کے لئے مختلف اقدامات پر غور کیا گیا۔اجلاس میں سرمائے کے حصول کو آسان بنانے،مالیاتی اداروں کے پھیلاؤ کو بڑھانے اور ہاؤزنگ فنانس کو فروغ دینے کے لئے بھی مختلف تجاویز کا جائزہ لیا گیا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254

اس کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس ہر سہ ماہی ہوتا ہے جس میں دونوں اداروں کے اعلیٰ حکام شرکت کرتے ہیں۔ کمیٹی کے ان باقاعدہ اجلاسوں میں دونوں اداروں کے مابین باہمی تعاون اور مالیاتی شعبے کے استحکام اور اس کے فروغ کے لئے مختلف تجاویز اور سفارشات کا جائزہ بھی لیا جاتا ہے۔